کارپیٹ پر سجدے میں پیشانی کا جمانا

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علیٰ رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ انگلینڈ کی مساجد میں کارپیٹ ہوتے ہیں۔ میں نے سنی بہشتی زیور میں سجدہ کے دوران پیشانی جمانے کے بارے میں پڑھا ہے۔ کیا کارپیٹ پر ہلکی سی پیشانی لگانے سے سجدہ ہو جائے گا یا خوب دبانی پڑے گی۔

سائل: احمد فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

سَجدے میں پیشانی جمنا ضَروری ہے۔ جمنے کے معنیٰ یہ ہیں کہ زمین کی سختی محسوس ہو اگر کسی نے اس طرح سجدہ کیا کہ پیشانی نہ جمی تو سجدہ نہ ہوگا۔ اگر کسی نے کسی نَرم چیز مثلاً رُوئی یا فوم کے گدیلے یا قالین (CARPET) وغیرہ پر سَجدہ کیا اور پیشانی جم گئی یعنی اتنی دبی کہ اب دبانے سے نہ دبے تو سجدہ ہو جائے گا اور اگر پیشانی نہ جمی تو سجدہ ادا نہیں ہوگا جس کی وجہ سے نماز بھی نہ ہوگی۔ جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے کہ

"وَلَوْ سَجَدَ عَلَى الْحَشِيشِ أَوْ التِّبْنِ أَوْ عَلَى الْقُطْنِ أَوْ الطَّنْفَسَةِ أَوْ الثَّلْجِ إنْ اسْتَقَرَّتْ جَبْهَتُهُ وَأَنْفُهُ وَيَجِدُ حَجْمَهُ يَجُوزُ وَإِنْ لَمْ تَسْتَقِرَّ لَا" اگر کسی نَرم چیز مثلاً گھاس یا رُوئی یا قالین (CARPET) وغیرہ پر سَجدہ کیا تو اگر پیشانی جم گئی اور اس نے اس کی سختی کو پالیا تو سجدہ ادا ہو گیا ورنہ سجدہ ادا نہیں ہوگا۔

[الفتاوی الھندیة''، کتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۷۰]

اور بہار شریعت میں ہے کہ کسی نرم چیز مثلاً گھاس، روئی، قالین وغیرہا پر سجدہ کیا تو اگر پیشانی جم گئی یعنی اتنی دبی کہ اب دبانے سے نہ دبے تو جائز ہے، ورنہ نہیں۔ بعض جگہ جاڑوں میں مسجد میں پیال [چاول کا بھس] بچھاتے ہیں، ان لوگوں کو سجدہ کرنے میں اس کا لحاظ بہت ضروری ہے کہ اگر پیشانی خوب نہ دبی، تو نماز ہی نہ ہوئی اور ناک ہڈی تک نہ دبی تو مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوئی۔

[بہار شریعت ج1 ص 514]

والله تعالی اعلم و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Question: What do the noble ‘ulamā say regarding the issue of carpets in the masājid in England. I have read regarding firmly establishing the forehead during sajdah in ‘Sunnī Bāhishtī Zewar’. Will lightly placing the forehead on the carpet be sufficient for the fulfilment of sajdah or will the forehead need to be firmly pressed?

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

It is necessary to firmly establish the forehead in prostration. The meaning of firmly establishing the forehead is that the firmness of the floor can be felt [when pressing]. If someone prostrated in such a way that the forehead was not firmly established then the prostration will not be fulfilled. If prostration was done upon something soft, for example a cotton or foam pillow or a carpet and the like of these and the forehead was firmly established i.e. pressed so much that further pressing does not cause it to be pressed further then the prostration will be fulfilled. However if the forehead is not firmly established then the prostration will not be fulfilled as a result of which the prayer will invalid, Just as it is mentioned in al-Fatāwā al-Hindiyyah:

“If one prostrated on grass or straw or cotton or carpet or ice and the forehead was established and one felt it’s hardness, then that is allowed, and if the forehead was not established then the prostration has not been fulfilled.”

[الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج١، ص٧٠]

In Bahāre Sharī’at it is mentioned that if one prostrated on something soft like grass, cotton, carpet or other than that and the forehead was firmly established in the meaning that it was pressed so much that further pressing does not cause it to be pressed further then that is permissible otherwise it is not. In some places in winter months rice chaff [rice husks] are spread out in the Masājid. It is necessary that worshippers prostrating on these must take note of this because if the forehead is not firmly established then the prayer is not valid and if it is a case of only the nasal bone not being established then the prayer will be makrūh tahrīmī (prohibitively disliked) and wajib al-‘Iādah (necessary in repeating).

[بہار شریعت ج1 ص514]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Abu al-Hasan Muhammad Qāsim Ziā al-Qādirī